کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 19 صفر 1447ھ 14 اگست 2025ء، صفحات 10 | شمارہ 40

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

پاکستان پوری مسلم دنیا کے ماتھے کا جھومر ہے، گورنر

حالیہ پاک بھارت جنگ میں مسلح افواج نے یادگار فتح رقم کی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل کو آذربائیجان کے اعلیٰ ترین پیٹریاٹک وار میڈل سے نوازدیا گیا

نائب آذری وزیر دفاع، چیف آف جنرل سٹاف کی ملاقات، دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو آذربائیجان......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، صیہونی فوج کے وحشیانہ حملوں میں مزید 123 فلسطینی شہید

بھوک سے ہونیوالی شہادتوں کی مجموعی تعداد 235 ہوگئی، 106 بچے بھی شامل

غزہ (بیورو رپورٹ) غزہ میں صیہونی فوج کے وحشیانہ حملوں......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس کی سربراہی میں بینچ کی بحریہ ٹاؤن کیس سننے سے معذرت

مناسب ہوگا جائیدادوں کی نیلامی کیخلاف کیس پرانا بینچ ہی سنے، جسٹس یحییٰ آفریدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں بحریہ ٹاؤن کی جائیدادوں کی نیلامی کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں بینچ......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی ہدایت پر گوادر میں پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے گوادر میں بجلی اور پانی بحران کا نوٹس لے لیا، وزیراعظم نے گوادر کیلئے فوری خصوصی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کردی، وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری نے کہا......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کی بدولت بلوچستان میں امن کا سورج طلوع ہورہا ہے، وزیراعلیٰ

بلوچیت کے نام پر معصوم شہریوں کو قتل کرنیوالے بلوچ نہیں بلکہ دہشت گرد ہیں انہیں بلوچ کہلوانے کا کوئی حق نہیں

بلوچ نوجوانوں کو بھڑکا کر پہاڑوں پر بھیجنے والوں کے اپنے بچے ترقیاتی ممالک میں پڑھ رہے ہیں، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم دشمن کے بردار کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے سیکورٹی فورسز کی بے مثال قربانیوں کی بدولت بلوچستان میں امن کا سورج طلوع ہورہا ہے بلوچ نوجوانوں کو بھڑکا کر پہاڑوں پر بھیجنے والوں کے اپنے بچے ترقیاتی ممالک میں پڑھ رہے ہیں جبکہ عام بلوچ کو لاحاصل جنگ میں دھکیل دیا گیا ہے یہ عناصر بلوچ بچیوں کو خودکش......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جناح اسٹیڈیم میں یوم آزادی و معرکہ حق کی مرکزی تقریب، صدر، وزیراعظم اور تینوں مسلح افواج کے سربراہان کی شرکت

شہری کو احتجاج کا حق ہے بغاوت کا نہیں، وزیراعظم

تمام سیاسی جماعتیں میثاق استحکام پاکستان کا حصہ بنیں

وقت آچکا ہے کہ ہم سیاسی تقسیم، ذاتی مفادات اور کھوکھلے نعروں سے آگے بڑھیں، جلاؤ گھیراؤ اور گالی کی کسی کو اجازت نہیں دی جاسکتی

آرمی راکٹ فورس کمانڈ کی تشکیل کا اعلان، چار دن میں بھارت کا غرور خاک میں مل گیا، فیلڈ مارشل نے سول حکومت سے بھرپور تعاون کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان + شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں سب کو سیاست کا حق ہے مگر ریاست کے خلاف بغاوت کا نہیں، سب کو احتجاج کا حق ہے، جلاؤ گھیراؤ اور گالی کا نہیں۔ جناح اسپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں 78 واں جشن آزادی قومی جوش وجذبے سے منایا جائیگا

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں دن کا آغاز 21 توپوں کی سلامی سے ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء صبح 8 بجے پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) ملک بھر کی طرح آج بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں جشن آزادی جوش وخروش سے منایا جائے گا کوئٹہ سمیت دیگر......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیکس فراڈ کیسز کی تحقیقات، ایف بی آر کو اضافی اختیارات مل گئے

انٹرنیٹ، ٹیلی کام کمپنیاں اور پی ٹی اے معلومات فراہم کرنے کے پابند ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر کو ٹیکس فراڈ کیسز کی......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت عالیہ بلوچستان میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوگی

چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ خطاب بھی کریں گے

کوئٹہ (خ ن) 78 ویں جشن یوم آزادی کے حوالے سے عدالت عالیہ بلوچستان میں روایتی پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوگی، چیف جسٹس عدالت عالیہ......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات کے امکانات روشن

پس پردہ رابطے، پی ٹی آئی ارکان پارلیمنٹ کی اکثریت بات چیت کی حامی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت اور تحریک انصاف کے......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

معرکہ حق کی فتح اور آزادی کا جشن بھارت کیلئے واضح پیغام ہے، عطاء تارڑ

دشمن کو عبرتناک شکست دی، معرکہ حق کی فتح سے آزادی کا جشن دوبالا ہوگیا، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے معرکہ......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان چاہتے ہیں کے پی میں آپریشن نہ ہو، چیئرمین پی ٹی آئی

صوبائی حکومت بھی آپریشن کے حق میں نہیں، بانی نے گنڈاپور سے استعفیٰ نہیں مانگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر



پیغامات

آصف علی زرداری

صدر
اسلامی جمہوریہ پاکستان

میں مادرِ وطن کی آزادی کی 78 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان اور دنیا بھر میں بسنے والے تمام پاکستانیوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ دن ہمیں اس جرات، اتحاد اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کی بدولت ہمیں آزادی کی نعمت نصیب ہوئی۔ آج ہم اپنے عظیم قائد، قائداعظم محمد علی جناح اور تحریکِ پاکستان کے تمام کارکنان کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، جن کی کاوشوں اور قربانیوں نے اس خواب کو حقیقت بنایا۔

اس سال ہم یومِ آزادی صد افتخار اور اُمیدِ نو کے ساتھ منا رہے ہیں۔ حال ہی میں ہماری قوم نے بیرونی جارحیت کے جواب میں اپنی بھرپور طاقت، عزم اور اتحاد کا مظاہرہ کیا۔ معرکۂ حق اور آپریشن بنیان المرصوص میں ہماری فتح ہماری تاریخ کا ایک سنہری باب ہے۔ یہ کامیابی غیر متزلزل قومی عزم، بے مثال پیشہ ورانہ مہارت اور پوری قوم کے اتحاد کا ثبوت ہے۔ بھارت کی بلاجواز جارحیت کے جواب میں ہم نے تحمل، حکمت اور بھرپور قوت سے اپنے وطن کا دفاع کیا۔ دنیا نے دیکھا کہ پاکستان امن چاہتا ہے، مگر اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔

یہ فتح ہمارے عوام کے لیے بھرپور اعتماد کا ذریعہ بنی ہے۔ اس نے قوم کے حوصلے بلند کیے، اداروں پر اعتماد مزید مضبوط کیا اور پاکستان کے عالمی مقام کو مزید مستحکم کیا۔ آج دنیا پاکستان کو ایک ایسے ملک کے طور پر دیکھتی ہے جو امن کا خواہاں ہے مگر دباؤ کے آگے نہیں جھکتا۔ لیکن یہ لمحہ صرف عسکری کامیابی نہیں، بلکہ اس امر کی بھی یاددہانی کراتا ہے کہ جب ہم متحد، یکسو اور مشترکہ مقصد کے لیے پُرعزم ہوں تو ہر شعبے میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اب ہمیں اسی جذبے کو اپنی معاشی بحالی، تعلیمی اصلاحات، تکنیکی ترقی، ادارہ جاتی اصلاحات اور ماحولیاتی تحفظ کی جانب لگانا ہوگا۔ یہی نظم، جرات اور حکمت جو بھارت کے خلاف حالیہ کامیابی کا باعث بنی، ہمیں غربت کے خاتمے، عوام کے لیے مواقع پیدا کرنے اور ایک منصفانہ اور ہمہ گیر معاشرہ قائم کرنے میں بھی کامیابی سے ہمکنار کر سکتی ہے۔

اس دن ہم بھارتی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی بھی کرتے ہیں۔ ان کی جرات، انصاف اور حقِ خودارادیت کی جدوجہد ہمارے دل کے قریب ہے۔ پاکستان ان کے حقِ خودارادیت کے حصول تک کشمیریوں کو غیر متزلزل سفارتی، اخلاقی اور سیاسی حمایت فراہم کرتا رہے گا۔

آئیے، اس یومِ آزادی کو اپنی تاریخ کا ایک نیا باب بنا کر اور اپنے اختلافات سے بالاتر ہو کر ایک ایسے پاکستان کے لیے متحد ہوں جو انصاف، مساوات، ایمان اور خدمتِ خلق پر قائم ہو۔

اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہو۔

آمین



محمد شہباز شریف

وزیراعظم
اسلامی جمہوریہ پاکستان

آج کے دن اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر ادا کرتے ہوئے پاکستان کے 78 سال مکمل ہونے پر قوم کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناحؒ اور مفکرِ پاکستان علامہ محمد اقبالؒ سمیت تحریکِ آزادی کے بلند ہمت، دوراندیش قائدین اور کارکنوں کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے بکھری ہوئی قوم کو ایک فکر، ایک مشن اور ایک نصب العین پر نہ صرف متحد کیا بلکہ اپنی ولولہ انگیز سیاسی جدوجہد کے ذریعے تاریخ کا دھارا موڑ کر ایک الگ نظریاتی ریاست کے قیام کے ناممکن سمجھے جانے والے خواب کو شرمندۂ تعبیر کر دکھایا۔

گزرے 78 سال آزمائش آمیز سفر، اللہ پر کامل یقین اور تابناک مستقبل کی امید کی کہانی ہے جس میں ہمیں بطور قوم کئی مشکل مراحل سے گزرنا پڑا، لیکن اس سب کے باوجود پاکستان نے ہر شعبے میں کامیابیوں اور کامرانیوں کے کئی سنگ میل عبور کیے ہیں۔ معیشت سے کھیل کے میدانوں اور دفاع سے آئی ٹی تک، ہر شعبے میں پاکستانیوں نے اپنی بے مثال عزم و ہمت اور علم و ہنر کے باب رقم کیے ہیں۔

بھارت کی مسلط کردہ جنگ، 6 سے 10 مئی 2025 کے دوران، معرکۂ حق میں پاکستان کی عظیم فتح نے 78 ویں یومِ آزادی کی نہ صرف اہمیت میں اضافہ کر دیا ہے بلکہ پاکستانیوں کے دل میں ایک نئی امنگ اور جذبہ بھی بیدار کر دیا ہے جس سے جشنِ آزادی کی خوشیاں دوبالا ہو گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بھارت کے اس حملے میں، اپنی تابندہ روایات دہراتے ہوئے ہماری بہادر مسلح افواج نے بنیان مرصوص بن کر دشمن کے غرور کا بت پاش پاش کر دیا۔ ہمارے شیروں اور شاہینوں کی عسکری مہارت، بہادری اور جذبہ ایمانی نے دشمن کو چند گھنٹوں میں ہی گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔ آزادی کی ٹھنڈی چھاؤں فراہم کرنے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی کی دعا کرتے ہیں۔ یہ صرف عسکری فتح نہیں تھی، بلکہ دو قومی نظریے کی صداقت کی بھی جیت تھی جو وطنِ عزیز کی اساس ہے۔ ہم اپنے دفاع اور آبی وسائل سمیت قومی مفادات کے تحفظ کے لئے اسی جذبے سے آگے بڑھتے رہیں گے۔

پاکستان کی سالمیت، دفاع اور تحفظ کے لئے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے امن پسند قوم کے طور پر یہ بھی دہراتے ہیں کہ ہم خطے اور دنیا میں پُرامن بقائے باہمی اور بات چیت کے سفارتی ذرائع سے مسائل کے حل پر یقین رکھتے ہیں۔ بھارت کو بھی اسی جذبے سے جموں و کشمیر سمیت تمام تنازعات کے حل کی طرف آنا ہوگا۔ حکومت نے عام شہری کی فلاح و بہبود کو ترجیح دی ہے۔ برسوں کے مسلسل بوجھ کے بعد بجلی کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی کی گئی ہے، جس سے عوام اور صنعتوں کو یکساں طور پر ریلیف مل رہا ہے۔ آج میں بطور وزیراعظم بالخصوص اس عزم کا بھی اعادہ کرتا ہوں کہ حکومت اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان کو جدید ٹیکنالوجی اور عصرِ حاضر کے نئے معاشی و صنعتی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔

تمام پالیسیوں اور پروگراموں سے قطع نظر پاکستان کے عروج کے پیچھے اصل قوت ہمارا اتحاد ہے۔ دفاع کی طرح معاشی طور پر ناقابلِ تسخیر ہونا، قومی دفاع اور سالمیت کے لئے بہت بڑی ضرورت ہے جس کے لئے ہم سب کو معرکۂ حق اور تحریکِ پاکستان جیسے پُرخلوص جذبے کی ضرورت ہے۔ میں تمام سیاسی جماعتوں اور تمام طبقات کو آج کے دن پُرخلوص پیشکش کرنا چاہتا ہوں کہ اتحاد و اتفاق سے قومی مفادات کے تحفظ اور فروغ کے لئے اشتراکِ عمل کی راہ اپنائیں تاکہ ہم بحیثیت مجموعی، قوم کو ترقی و خوشحالی کی اس منزل سے ہمکنار کریں جس کا خواب قیامِ پاکستان کی صورت میں ہمارے اسلاف اور شہیدوں نے دیکھا تھا۔

محمد اسحاق ڈار

ڈپٹی وزیراعظم اور وزیرخارجہ
اسلامی جمہوریہ پاکستان

اس یومِ آزادی کے موقع پر ہم قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت اور بصیرت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، ساتھ ہی تحریکِ پاکستان کے کارکنان کو بھی، جن کی بے شمار قربانیوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن کا خواب شرمندۂ تعبیر کیا۔ پاکستان اتحاد، ایمان اور تنظیم کے اصولوں پر قائم ہوا اور آج ہم 25 کروڑ سے زائد نفوس پر مشتمل ایک مضبوط و باوقار قوم کی حیثیت سے کھڑے ہیں۔

گزشتہ 78 برسوں میں پاکستان نے مضبوط معیشت، سائنس و ٹیکنالوجی میں پیش رفت اور عالمی امن و ترقی میں موثر کردار ادا کرنے کے میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ہماری مضبوط زرعی بنیاد سے لے کر بڑھتی ہوئی آئی ٹی برآمدات تک، اہم بین الاقوامی تقریبات کے کامیاب انعقاد سے لے کر بڑے انفراسٹرکچر منصوبوں کے آغاز تک، پاکستان ایک روشن مستقبل کی جانب ثابت قدمی سے بڑھ رہا ہے۔

حالیہ مہینوں میں پاکستان کے ناقابلِ تسخیر جذبے نے عسکری اور سفارتی دونوں محاذوں پر اپنی برتری ثابت کی۔ آپریشن معرکۂ حق کے ذریعے بھارت کے غیر قانونی اقدامات پر ہمارا اصولی، قانونی اور واضح موقف ایک بڑی اخلاقی اور سیاسی کامیابی ثابت ہوا۔ عسکری تیاری، سفارتی بصیرت اور قومی اتحاد کو یکجا کر کے ہم نے دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ پاکستان اپنی خودمختاری کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہے اور ساتھ ہی عالمی امن کے اصولوں پر کاربند ہے۔ ہم نے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا کہ کشمیری عوام کے حقوق ناقابلِ تنسیخ ہیں اور کشمیری عوام کا مطالبہ جائز ہے۔ ہماری غیر متزلزل حمایت اس وقت تک جاری رہے گی جب تک انصاف کا بول بالا نہیں ہوتا۔

آئیے، اس یومِ آزادی پر، چاہے ہم پاکستان میں ہوں یا دنیا کے کسی بھی کونے میں، ہم سب مل کر دوبارہ یہ عہد کریں کہ ایک مضبوط، محفوظ اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ہماری سب سے بڑی طاقت آج بھی اسی اتحاد میں ہے جس نے ہمیں ایک قوم بنایا اور اس عزم میں ہے کہ ہم جمہوریت، امن اور انصاف کے ان اصولوں کو قائم رکھیں گے جن پر ہمارے پیارے وطن کی بنیاد رکھی گئی۔

پاکستان زندہ باد

خواجہ محمد آصف

وزیر دفاع
اسلامی جمہوریہ پاکستان

میں پوری پاکستانی قوم کو پاکستان کے 78 ویں یومِ آزادی کی دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ دن برصغیر کے مسلمانوں کی ایک آزاد اور خودمختار وطن کے قیام کے لیے تاریخی اور سیاسی جدوجہد کی تکمیل کا مظہر ہے۔

پاکستان کا قیام ایک پُرامن اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے عمل میں آیا جو تاریخ میں ایک بے مثال اور منفرد باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس دن ہم تحریکِ پاکستان کے رہنماؤں اور کارکنوں کے ساتھ ساتھ اپنے ان آباؤ اجداد کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کے لیے بے شمار قربانیاں دیں۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی وحدت، سالمیت اور اقتصادی استحکام کے لیے موجودہ چیلنجز کے پیشِ نظر پوری لگن اور اخلاص سے کام کریں۔ ہمارا ملک وافر انسانی اور قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ان وسائل کو اپنی قوم کی فلاح و بہبود کے لیے استعمال کریں۔

ہم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے حقِ خود ارادیت کی منصفانہ جدوجہد میں اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کے عزم کو دہراتے ہیں۔ مشکلات کے باوجود ان کا حوصلہ اور ثابت قدمی ہم سب کے لیے ایک مثال ہے۔

آج ہم آپریشن "بنیان المرصوص" کے دوران پاکستان کی مسلح افواج کے جرات مندانہ اور فیصلہ کن ردِعمل کو دل سے خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ بھارت کی بزدلانہ جارحیت پر پاکستان کا جرات مندانہ جواب اور افواج کا بروقت و پُرعزم اقدام تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی سلامتی کے ماحول میں پاکستان کی دفاعی صلاحیتیں مسلسل مضبوط ہو رہی ہیں جو تیاری اور مستعدی کے ذریعے امن کو یقینی بناتی ہیں۔

آج ہمیں اس یومِ آزادی پر اپنے عزم کو تازہ کرنا ہوگا کہ ہم سب مل کر ایک مضبوط، خوشحال اور پُرامن پاکستان کی تعمیر کے لیے کام کریں۔ ہماری یکجہتی، استقامت اور قومی تعمیر کے جذبے کی بدولت ہم ایک روشن مستقبل کی جانب بڑھتے رہیں گے۔

پاکستان زندہ باد



فیلڈ مارشل سید عاصم منیر
نشانِ امتیاز (ملٹری)

چیف آف آرمی سٹاف

یومِ آزادی کے پُرمسرت موقع پر میں تمام اہلِ پاکستان کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آج کا دن ہمیں اپنے آباؤ اجداد کی طویل جدوجہد کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی بصیرت افروز قیادت میں آزادی کی منزل حاصل کی تھی۔ آج ہم اپنے بزرگوں اور برصغیر کے لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ وطن کے ان شہداء اور غازیوں کو بھی سلام عقیدت پیش کرتے ہیں جن کے لہو سے آج ہماری آزادی کے چراغ روشن ہیں۔

آزادی کی عظیم نعمت کی قدر و قیمت اور اسکی اہمیت کا فہم ہم سب پر لازم ہے۔ یہاں اس بات کا ادراک بھی ضروری ہے کہ حصولِ پاکستان کے لیے صرف برصغیر کے مسلمان ہی سرگرمِ عمل نہیں تھے بلکہ مذہبی اقلیتیں بھی تحریکِ پاکستان میں پیش پیش رہی ہیں اور آج بھی ملکی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں۔ آج پاکستان عالمِ اسلام کا ایک مضبوط اور ناقابلِ تسخیر قلعہ ہونے کے ساتھ ساتھ بین المذاہب ہم آہنگی اور مذہبی آزادی کا مظہر بھی ہے۔ اس کے برعکس آج بھی ہندوستان میں مسلمانوں کے ساتھ دوسرے اور تیسرے درجے کے شہریوں جیسا سلوک کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔

قومی ارتقاء کے سفر کا مرکز پاکستانیت کا تصور ہے جو اخوت اور اتحاد پر مبنی ہے۔ دورِ حاضر میں قوموں کی بقاء و یکجہتی ہمہ وقت اور ہمہ جہت اتحاد میں مضمر ہے۔ علاقائی شناخت پر فخر اور ثقافتی روایات کا پاس رکھنا پاکستانیت کا ناگزیر حصہ ہے۔ تاہم، اقوامِ عالم میں پاکستانیت ہی وہ تصور ہے، جو کسی بھی تفریق سے بالاتر، ہمیں ایک باوقار قوم کا درجہ دیتا ہے۔

اسلام کے آفاقی اصولوں کے اتباع میں پاکستان اپنے قیام سے آج تک امن و سلامتی کا داعی ہے۔ ہم نے ملک، خطے اور دنیا بھر میں امن کے قیام اور ترویج کے لئے ناقابلِ فراموش کردار ادا کیا ہے۔ دہشت گردی کے عفریت کو شکست دینے کے لئے ہم نے انتہائی بھاری جانی اور مالی قیمت ادا کی ہے اور اس کی مکمل بیخ کنی کے لئے ہماری جدوجہد اور تعاون جاری رہے گا۔ پہلگام کے افسوسناک سانحے کی پاکستان نے نہ صرف شدید مذمت کی بلکہ شفاف بین الاقوامی تحقیقات کی پیش کش بھی کی۔ تاہم طاقت کے زعم میں مبتلا بھارتی سرکار نے روایتی ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کر کے شہری آبادی اور مساجد کو نشانہ بنایا۔ دشمن کے ان حملوں میں بہت سے معصوم شہری جن میں بچے، عورتیں اور بوڑھے افراد بھی شامل تھے، شہید ہو گئے۔ افواجِ پاکستان نے دشمن کی اس کھلی جارحیت کے جواب میں آپریشن بنیان مرصوص کا آغاز کیا جو آج تاریخ میں افواجِ پاکستان کی بہادری اور ولولہ انگیز جذبے کی علامت بن چکا ہے۔ اس طرح ہم نے ثابت کر دیا کہ جنگیں محض ذرائع ابلاغ پر بلند آہنگ بیان بازی یا سیاسی شعبدہ گری سے نہیں بلکہ پیشہ ورانہ قابلیت، ہمہ وقت تیاری اور قومی عزم و حوصلے کے ذریعے جیتی جاتی ہیں۔

معرکۂ حق کے دوران اہلِ وطن نے افواجِ پاکستان، شہداء اور ان کے خاندانوں سے جس طرح غیر متزلزل محبت اور یکجہتی کا اظہار کیا، وہ قوم کی اپنے محافظوں سے لازوال محبت کا ثبوت ہے۔ بلاشبہ قوم کا فوج پر اعتماد اور بھروسہ ہمارا سب سے بڑا اثاثہ اور ہماری قوت کا سرچشمہ ہے اور یہی ہمیں مادرِ وطن کی آزادی، خود مختاری اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کا مقدس فرض ادا کرنے کی طاقت دیتا ہے۔

عالمی اور علاقائی منظر نامہ تیزی سے بدل رہا ہے۔ مشکل حالات میں پیچیدہ چیلنجز سے موثر طور پر نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیاری، عملی فہم اور پیشہ ورانہ مہارت ناگزیر ہے۔ الحمدللہ! پاک فوج حاضر وقت اور مستقبل کے روایتی، غیر روایتی اور ابھرتے خطرات سے پوری طرح آگاہ ہونے کے ساتھ ساتھ ان سے موثر طور پر نمٹنے کی تمام صلاحیتوں سے لیس ہے۔ پاکستان خطے میں استحکام کے فروغ اور باہمی تعاون پر مبنی سیکیورٹی فریم ورک کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا۔

ہم خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے متمنی ہیں، تاہم اپنی آزادی، خود مختاری اور قومی مفادات پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ پاکستان کی خود مختاری اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی مہم جوئی کا بلا ہچکچاہٹ فوری اور پُرعزم قوت سے جواب دیا جائے گا۔ پاکستان عالمی دہشت گردی کے خلاف اپنی جنگ کو فیصلہ کن انجام تک پہنچانے کے لیے پُرعزم ہے۔ میں واضح کرتا ہوں کہ کسی کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ہم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی سازشوں اور ہتھکنڈوں سے پوری طرح آگاہ ہیں اور قومی سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے والے تمام عناصر کو پوری قوت سے کچل دیں گے۔ انشاءاللہ! پاکستان مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم بھائیوں اور بہنوں کی جدوجہدِ آزادی کی مکمل حمایت کا اعادہ بھی کرتا ہے۔ معرکۂ حق کے بعد مسئلہ کشمیر عالمی سطح پر مزید موثر انداز میں اجاگر ہوا ہے۔ کشمیریوں کو ان کا حقِ خودارادیت دینا ہی اس تنازع کا واحد، منصفانہ اور دیرپا حل ہے۔ پاکستان فلسطین کے مظلوم عوام کے ساتھ بھی شانہ بشانہ کھڑا ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فوری اور موثر اقدامات کرے تاکہ ان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

یومِ آزادی کے موقع پر میں جدوجہدِ آزادی کے ہیروز کو سلام پیش کرنے کے ساتھ ساتھ دفاعِ وطن اور خاص طور پر "معرکۂ حق" میں اپنی جانیں نچھاور کرنے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔ ہم ان کی جرات و بہادری، عزم اور جذبہ ایمانی کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ مجھے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت اور جنگی تیاری پر مکمل اعتماد ہے۔ دفاعِ وطن کے لیے ہم پوری دیانتداری، بے لوث جذبے، خدمت اور غیر متزلزل عزم سے ثابت قدم رہیں گے۔ یہ وقت قومی اتحاد کو مزید مضبوط کرنے، شہداء کے مشن کو آگے بڑھانے اور ایک خود مختار، پُرامن اور خوشحال پاکستان کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کا ہے۔ آئیں، عہد کریں کہ ہم اپنے پیارے وطن کی سرحدوں کے دفاع کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور اپنی تمام تر توانائیاں پاکستان کے استحکام اور خوشحالی کے لیے وقف کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

پاک فوج زندہ باد، پاکستان پائندہ باد

جنرل ساحر شمشاد مرزا
نشانِ امتیاز (ملٹری)

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی

آج ہم پاکستان کا 78 واں یومِ آزادی منا رہے ہیں، جو ہمارے اسلاف کی قربانیوں کا مظہر ہے۔ ان ہی کی جدوجہد کی بدولت ہمیں آزادی کی نعمت نصیب ہوئی۔ یہ دن تجدیدِ عہد وفا کا دن ہے جس میں پوری قوم، بشمول افواجِ پاکستان، وطن کی سالمیت، بقاء اور استحکام کے لیے متحد ہے۔ ملک کو درپیش اندرونی و بیرونی چیلنجز، خاص طور پر اقتصادی مشکلات، اس بات کے متقاضی ہیں کہ ہم بحیثیت قوم، ایثار اور حب الوطنی کا مظاہرہ کریں۔ افواجِ پاکستان عوام کے تعاون سے ملک کو امن کا گہوارہ بنانے اور ہر خطرے سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔

اللہ کے فضل سے آج ملک میں امن و امان کی صورتحال پہلے سے بہتر ہے۔ خطے میں سیاسی، اقتصادی اور عسکری تبدیلیاں جاری ہیں، جن میں مواقع بھی ہیں اور خطرات بھی۔ دشمن پاکستان کو اندر سے کمزور کرنے کی سازشیں کر رہا ہے، لیکن ہمیں یقین ہے کہ ہم انشاءاللہ ہر سازش کو ناکام بنائیں گے۔ حال ہی میں بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں ایک واقعے کو بنیاد بنا کر بلا اشتعال جارحیت کی۔ اس کے برعکس پاکستان کی حکومتی و عسکری قیادت نے امن کا راستہ اپنایا اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا مگر دشمن نے بزدلانہ حملے کر کے پاکستان کی سالمیت کو چیلنج کیا۔ ان بزدلانہ کارروائیوں کے عوض افواجِ پاکستان نے آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے دشمن کی بلا اشتعال جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ یہ آپریشن صرف عسکری نہیں بلکہ قومی عزم، اتحاد اور حکمتِ عملی کا مظہر تھا۔ پاکستان کی بہادر افواج نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف اُن عسکری اہداف کو نشانہ بنایا جنہوں نے پاکستان کی حدود کو پامال کرنے کی ناکام کوشش کی۔ دشمن کی اس بزدلانہ حرکت کے سامنے افواجِ پاکستان بشمول پاکستان کی غیور اور باوقار عوام، ایک سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے رہے اور ڈٹ کر دشمن کی یک طرفہ عسکری مداخلت کا منہ توڑ جواب دیا۔ یہاں میں پاکستان کے بہادر اور دلیر شہداء کو اپنے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خراجِ عقیدت پیش کرنا چاہوں گا جنہوں نے وطنِ پاکستان کی سالمیت اور بقاء کی پاسداری اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر کی۔ اسی کے ساتھ میں اپنی نوجوان نسل اور باخبر میڈیا اداروں کے کردار کو بھی خراجِ تحسین پیش کرنا چاہوں گا جنہوں نے صفِ اول میں کھڑے ہو کر دشمن کے گمراہ کن اور جھوٹے پروپیگنڈے کے خلاف موثر انداز میں اپنا کردار ادا کر کے بصیرت اور حب الوطنی کی ایک نئی مثال رقم کی۔

پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ بھارت کی ریاستی دہشتگردی سے ہے، جو فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان جیسے گروہوں کے ذریعے ہمارے استحکام کو نشانہ بنا رہی ہے۔ دشمن نے کئی بار پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوشش کی، مگر ہر بار افواجِ پاکستان نے ان سازشوں کو ناکام بنایا۔ ہم امن کے خواہاں ہیں لیکن جنگ کے لیے بھی ہمہ وقت تیار ہیں۔ اب یہ دشمن پر منحصر ہے کہ وہ کس راہ کا انتخاب کرتا ہے۔

بھارت کی اشتعال انگیز کارروائیوں اور بے پرواہی سے قطع نظر، پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے، جو کہ جنوبی ایشیا میں ایک ذمہ دار ایٹمی طاقت کے طور پر اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ عالمی برادری کو دیکھنا چاہیے کہ جوہری ہتھیاروں سے لیس مغرور اور متکبر بھارت نے عالمی قوانین کو نظر انداز کرتے ہوئے کس طرح غیر ذمہ دارانہ کارروائیاں کیں جن کے پیشِ نظر خطے کا استحکام شدید متاثر ہوا۔ یاد رہے کہ خطہ ارض، بالخصوص جنوبی ایشیا، میں مستقل امن و استحکام اس وقت تک یقینی نہیں بنایا جا سکتا جب تک مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کے مطابق نہ کیا جائے۔ آج کے اس تاریخی دن پر ہم ایک بار پھر اپنے اس عزم کو دہراتے ہیں کہ پاکستان کی مسلح افواج ہمیشہ اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑی رہیں گی اور آزادی کی اس جدوجہد میں پاکستان مکمل سیاسی، سفارتی اور اخلاقی سپورٹ فراہم کرتا رہے گا۔ ایک بار پھر ہم اللہ رب العزت کے حضور سربسجود ہو کر اس بات کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں آزادی کی نعمت سے نوازا۔ اب ہم پر لازم ہے کہ ہم یک جان ہو کر پاکستان کے استحکام اور ترقی کے لیے دن رات محنت کریں۔

مجھے یقین ہے کہ اس عزم کے حصول میں افواجِ پاکستان ہر امتحان میں قوم کی امیدوں پر پورا اتریں گی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ہر خطرے سے نمٹنے کی طاقت، صلاحیت اور ہمت عطا فرمائے۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ (آمین)

پاکستان زندہ باد

افواجِ پاکستان پائندہ باد

ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو
نشانِ امتیاز (ملٹری)

چیف آف ائیر سٹاف

یومِ آزادی پاکستان کے پُرمسرت موقع پر میں تمام اہلیانِ پاکستان کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

یومِ آزادی ہماری تاریخ کا ایک عہد ساز دن ہے جو ملکِ خداداد کے حصول کی خاطر ہمارے اسلاف کی پُرعزم کاوشوں اور عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ آزادی کی اس جدوجہد میں برصغیر کے مسلمان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی ہمہ جہت قیادت میں متحد ہوئے اور حصولِ آزادی کی راہ میں حائل ہر طرح کی رکاوٹ کا مردانہ وار مقابلہ کرتے ہوئے بالآخر ایک خود مختار ریاست کے حصول کو ممکن بنایا۔ اس دن کو مناتے ہوئے ہم اپنے آباؤ اجداد کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی عظیم قربانیوں کے لئے تہہ دل سے مشکور ہیں۔

اس سال 14 اگست زیادہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ ایک مرتبہ پھر دشمن نے ہمارے ناقابلِ تسخیر عزم و حوصلے کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ایک پُرامن ملک کو للکارا۔ الحمدللہ، پاکستانی قوم اور مسلح افواج نے بے مثال اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کو شکست فاش دی۔ یقیناً یہ شاندار کامیابی قومی یکجہتی اور اللہ تعالیٰ کی خصوصی کرم نوازی کا ثمر ہے۔

معرکۂ حق بنیان مرصوص کے دوران مسلح افواج نے بے مثال ہم آہنگی اور کمال مہارت سے نہ صرف پاکستان کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کو یقینی بناتے ہوئے دشمن کو منہ توڑ شکست دی بلکہ پوری دنیا کو بھی ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ حالیہ چند برسوں میں پاک فضائیہ نے جدت، خود انحصاری اور مقامیت پروری پر مبنی کوششوں اور بہترین حکمتِ عملی کی بدولت کثیر الجہتی صلاحیتوں کے حصول کو نہ صرف ممکن بنایا بلکہ حالیہ جنگ کے دوران تاریخ میں پہلی مرتبہ فل سپیکٹرم آپریشنز کا عمدہ اور مربوط استعمال کرتے ہوئے ہمیشہ کی طرح ایک بار پھر عددی برتری رکھنے والے دشمن کو شکست دینے کی سنہری روایت کو برقرار رکھا اور پوری قوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ آج کے اہم دن ہم شہداء معرکۂ حق کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کی عزت و وقار کی خاطر لازوال قربانیاں پیش کیں۔

میرے عزیز ہم وطنو! ہمیں اس حقیقت کا بخوبی ادراک ہے کہ ہمہ وقت تیاری اور بیداری ہی آزادی کی اصل قیمت ہے۔ بلاشبہ، ہم حیرت انگیز کارنامے سرانجام دینے والی ایک پُرعزم، ترقی پسند اور پُرامن قوم ہیں جو ہر طرح کے حالات سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پاک فضائیہ دیگر مسلح افواج کے شانہ بشانہ دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔ آج کے دن ہم اس عزم کا بھی اعادہ کرتے ہیں کہ پاکستان کے بہادر اور غیور عوام کی خاطر ہر قیمت پر مادرِ وطن کی فضائی سرحدوں کا دفاع جاری رکھیں گے اور انشاءاللہ قائداعظم کی بصیرت کے عین مطابق پاکستان کو ایک مضبوط تر اور ناقابلِ تسخیر ملک بنانے کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

خوشی کے اس موقع پر ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی قربانیوں کا بھی اعتراف کرتے ہیں جو پچھلی سات دہائیوں سے زائد عرصہ سے بھارتی ظلم و ستم کے خلاف نبرد آزما ہیں اور تجدیدِ عہد کرتے ہیں کہ حقِ خود ارادیت کی جدوجہد میں ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں استقامت اور رہنمائی عطا فرمائے تاکہ مادرِ وطن کی حفاظت مسلح افواج پر قوم کے اعتماد اور فخر کے عین مطابق کر سکیں (آمین)۔

پاک فضائیہ زندہ باد

پاکستان پائندہ باد

ایڈمرل نوید اشرف
نشانِ امتیاز (ملٹری)
تمغہ بسالت

چیف آف نیول سٹاف

پاکستان کے 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر ہم اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے شکر گزار ہیں جس نے ہمیں ایک آزاد اور دنیا کے منظر نامے پر ابھرتے ہوئے وطن کی نعمت سے نوازا۔ یہ دن محض ماضی کی یاد نہیں بلکہ ہمارے مجموعی عزم کی تجدید کا دن ہے کہ ہم اپنے ملک کو اس مقام پر فائز کریں گے جو اپنے باسیوں کے لیے امن، خوشحالی اور عدل کا مینارہ ہو اور بانیانِ پاکستان کے عظیم نظریے کا مظہر ہو۔ آئیے اس انتھک جدوجہد، ناقابلِ شکست حوصلے اور ان گنت جانی قربانیوں کو یاد کریں جو ایک علیحدہ وطن کے حصول کے لیے دی گئیں تاکہ ہمارے خوابوں اور امنگوں کو تعبیر مل سکے۔ یہی بنیادی جذبہ ہے جو سماجی عدل، اقتصادی ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے لیے کاوشوں کی ترغیب دلاتا ہے تاکہ ہمارے وطن میں ہر ایک فرد عزت اور ترقی کے مواقع پا سکے۔

یہ یومِ آزادی اس لیے بھی اہم ہے کہ ازلی دشمن کے ناپاک ارادوں کے مقابلے میں آزادی کے تحفظ کے لیے پوری قوم یکجان ہو کر متحد اور ثابت قدم رہی۔ آج کا جشنِ آزادی ہمیں یاد دلاتا ہے کہ قربانیوں، اتحاد اور ثابت قدمی سے ہی آزادی کو قائم و دائم رکھا جاتا ہے۔ معرکۂ حق کے دوران اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے ہمیں ایک عظیم فتح نصیب فرمائی جو مکار دشمن کے مقابلے میں ہماری بہادر مسلح افواج کے حوصلے اور عزم کا نتیجہ ہے۔ یہ غیر معمولی کامیابی پاکستانی قوم کے مصمم عزم، ثابت قدمی اور بے مثال جذبے کی شاندار دلیل ہے۔

اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کڑے وقت میں پاکستان نیوی نے مستعدی کے ساتھ پاکستان کی بحری سرحدوں کی حفاظت کی اور سمندر پر کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کے لیے ہمہ وقت چوکس و تیار رہی۔ ہماری مستقل تیاری اور غیر متزلزل عزم نے دشمن کو اس کے پانیوں تک محدود رکھا اور حساس ترین میری ٹائم اثاثوں کی حفاظت اور تجارت کی آزادانہ نقل و حرکت کو یقینی بنایا۔

اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہمیں اپنے حفظ و امان میں رکھے اور ہمیں ملک کے دفاع کو ناقابلِ تسخیر بنانے اور اپنے اسلاف کی روشن روایات کو فروغ دیتے ہوئے عزت، وقار اور فخر کے ساتھ مادرِ وطن کے دفاع کی طاقت عطا فرمائے۔ اللہ کرے سبز پرچم اپنے ہلال اور ستارے کے ساتھ بلند و بالا رہے اور دشمن کے کینہ اور بغض سے ہماری زمینی سرحدیں، ہمارے سمندر اور ہماری فضائیں محفوظ و سلامت رہیں۔ (آمین)

پاکستان نیوی زندہ باد
پاکستان پائندہ باد

PID(I)1336-D/25

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 19 صفر 1447ھ 14 اگست 2025ء صفحات 10 | شمارہ 40
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

معیشت مستحکم موڈیز نے پاکستان کی ریٹنگ اور کریڈٹ آؤٹ لک بہتر کر دیا

پاکستان کی بہتر بیرونی پوزیشن اور آئی ایم ایف پروگرام میں جاری ریفارمز اپ گریڈ کا سبب ہیں توقعات ہیں پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر بڑھتے رہیں گے تاہم آفیشل پارٹنرز کی ضرورت رہے گی، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے پاکستان کی ریٹنگ بہتر کر کے سی ڈبل اے ون کر دی، موڈیز کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا پاکستان کی مقامی اور غیر ملکی کرنسی کی کریڈٹ ریٹنگ سی ڈبل اے تو تھری سے بہتر کر کے سی ڈبل اے ون کر دیا، کریڈٹ آؤٹ لک کو بھی مستحکم کر دیا گیا، موڈیز نے کہا پاکستان کی بہتر بیرونی پوزیشن، آئی ایم ایف پروگرام میں جاری ریفارمز اپ گریڈ کا سبب ہے، توقعات ہیں پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر بڑھتے رہیں گے تاہم آفیشل پارٹنرز کی ضرورت رہے گی۔

گورنر جعفر خان مندوخیل جشن آزادی کی تقریبات کی مناسبت سے کیک کاٹ رہے ہیں

پی ٹی آئی نے کبھی طالبان کو سپورٹ کیا نہ آئندہ کریں گے، جنید اکبر

خیبر پختونخوا حکومت نے کسی آپریشن کی اجازت نہیں دی، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما اور قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین جنید اکبر نے کہا کبھی طالبان کو سپورٹ کیا نہ آئندہ کریں گے، خیبر

ایف سی (نارتھ) کے تحت یوم آزادی سائیکلنگ گالا کا انعقاد

مرد سائیکلسٹوں نے 48 کلومیٹر 7 خواتین کھلاڑیوں نے 6 کلومیٹر فاصلہ طے کیا

صوبائی مشیر مینا مجید نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے ڈی ایچ اے کوئٹہ میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے زیر اہتمام ایک شاندار سائیکلنگ گالا منعقد ہوا۔ اس ایونٹ میں بلوچستان کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے 43 مرد سائیکلسٹوں نے 48 کلومیٹر جبکہ 7 خواتین کھلاڑیوں نے 6 کلومیٹر کا فاصلہ طے کیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید تھیں۔

پی ٹی آئی رہنما اعجاز چودھری کی جیل میں طبیعت بگڑ گئی، ہسپتال منتقل

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما اعجاز چودھری کو جیل میں طبیعت بگڑ جانے پر فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، وکیل رانا مدثر ایڈووکیٹ کے مطابق اعجاز چودھری کے گردوں میں انفیکشن ہے جس کی وجہ سے شدید تکلیف کا سامنا ہے، پتے میں بھی 7 پتھریاں پائی گئیں، جیل حکام نے اعجاز چودھری کو تکلیف کے باعث فوری طور پر لاہور کے پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ (پی کے ایل آئی) منتقل کیا۔

یوم آزادی وطن کیساتھ عہد وفا کی تجدید کا دن ہے، سربراہان سینیٹ

آج ہم اسلاف کی قربانیوں کے طفیل ایک آزاد اور خودمختار ملک میں اپنے دین اور روایات کے مطابق زندگی گزار رہے ہیں، یوسف رضا گیلانی

پاکستان کی بنیاد ایک ایسے خواب اور ایک ایسی جدوجہد پر رکھی گئی جو ایمان، اتحاد اور قربانی کا حسین امتزاج تھی، سیدال خان ناصر

آئیں اس یوم آزادی پر ہم سب مل کر یہ عہد کریں کہ ہم اپنے وطن کو امن، ترقی، انصاف اور خوشحالی کی ایک قابل تقلید مثال بنائیں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ اسلامی جمہوریہ پاکستان، سید یوسف رضا گیلانی نے یوم آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست کا دن نہ صرف آزادی کی قیمتی نعمت کی یاد دلاتا ہے بلکہ اس عظیم جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کا بھی آئینہ دار ہے جو برصغیر کے مسلمانوں نے پاکستان کے قیام کے لیے دیں

ربیع الاول کا چاند 24 اگست کو نظر آنے کی پیشگوئی

لاہور (بیورو رپورٹ) سپارکو نے ربیع الاول 1447 ہجری کے چاند کی متوقع رویت پر پیشگوئی کر دی

اسرائیلی سفیر نے پریانکا گاندھی کا فلسطین کے حق میں بیان شرمناک قرار دیدیا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) ہندو اور یہود کا گٹھ جوڑ، مسلمانوں کے خلاف گھناؤنی سازش پھر بے نقاب ہو گئی

عدالت کو یقین دہانی کے باوجود اعظم سواتی کو پشاور ایئرپورٹ پر روک دیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کو پشاور ایئرپورٹ پر بیرون ملک روانگی سے روک دیا گیا، درخواست گزار وکیل کے مطابق اعظم سواتی کو عدالتی احکامات کے باوجود روکا گیا

اے آئی کو فروغ دینے کیلئے 6 ستونوں پر مبنی فریم ورک تیار

سمارٹ سٹی، ہیلتھ کیئر اور زراعت میں اے آئی ٹیکنالوجی فروغ کے منصوبے شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی قومی مصنوعی ذہانت (اے آئی) پالیسی میں اے آئی کو فروغ دینے کیلئے 6 ستونوں پر مبنی فریم ورک تیار کر لیا گیا، وزارت انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن (ٹیلی کام) نے پاکستان کی قومی اے آئی پالیسی جاری کر دی

لکی مروت، پولیس اہلکاروں کے گھروں پر حملے، گیس پائپ لائن تباہ

دہشتگردوں نے ٹیوب ویل پر نصب 30 سولر پلیٹیں بھی توڑ دیئے، عوام میں خوف و ہراس

لکی مروت (بیورو رپورٹ) لکی مروت میں دہشتگردی کے بڑھتے واقعات نے علاقے کو خوف و ہراس میں مبتلا کر دیا، دہشتگردوں نے پولیس اہلکاروں کے گھروں پر حملے شروع کر دیئے تو دوسری جانب تھانہ لکی سٹی کی حدود بھانہ مٹی والا کے قریب گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

سونا 200 روپے تولہ سستا

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں فی تولہ سونے کی قیمت میں معمولی ریکارڈ کی گئی، آل پاکستان جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت 200 روپے کم ہو کر 3 لاکھ 58 ہزار 100 روپے ہو گئی

ملک بھر میں سرکاری رہائشگاہوں پر وسیع پیمانے پر غیر قانونی قبضے

وفاقی وزیر ہاؤسنگ ریاض پیرزادہ نے تحریری جواب قومی اسمبلی میں جمع کرا دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں سرکاری رہائش گاہوں پر بڑے پیمانے پر غیر قانونی قبضوں کا انکشاف ہوا ہے، اسلام آباد، لاہور میں 2024 سے اب تک 742 اور کراچی میں 3 ہزار 500 سرکاری رہائش گاہوں میں غیر قانونی افراد رہائش پذیر ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ ثقافت و سیاحت کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صدر آصف زرداری ہی رہیں گے، حکومت اپنی مدت پوری کرے گی، اسحاق ڈار

محسن نقوی کو وزیراعظم بنائے جانے کی خبر غلط، ملک، اداروں کیخلاف ہتھیار اٹھانا بغاوت ہے، غزہ پر اسرائیلی جارحیت کسی صورت قبول نہیں، معاملے پر مسلم ممالک کا اجلاس جلد جدہ میں ہو گا، صحافیوں سے گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے افواہوں پر توجہ نہ دیں، حکومت اپنی مدت پوری کرے گی، صدر آصف زرداری ہی رہیں گے، کھینچا تانی میں بہت وقت ضائع ہو چکا، پاکستان کو آگے لیکر جانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر کردار ادا کرنا ہو گا، لاہور میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا پاکستان نے 4 روزہ جنگ میں بھارت کو عبرتناک شکست دی، ملکی معیشت میں بہتری، سفارتی محاذ پر بھی پیشرفت ہو رہی ہے، محسن نقوی کو وزیراعظم بنائے جانے کی خبر غلط، زرداری ہی صدر ہیں گے، ڈس انفارمیشن اور افواہوں سے پرہیز کرنا چاہیے، حکومت اپنی مدت پوری کرے گی، نائب وزیراعظم نے کہا ملک، اداروں کیخلاف ہتھیار اٹھانا بغاوت ہے، پی ٹی آئی والوں پر قانونی مقدمات کا فیصلہ عدالتوں نے کرنا ہے، امریکہ کو پاکستان کے فراہم کردہ شواہد پر مجید بریگیڈ کو دہشتگرد تنظیموں میں شامل کرنا پڑا، غزہ پر اسرائیلی جارحیت کسی صورت قبول نہیں، معاملے پر مسلم ممالک کا اجلاس جلد جدہ میں ہو گا، فیلڈ مارشل کی مدت ملازمت میں توسیع کا سوال بہت قبل از وقت ہے، نیشنل سکیورٹی کمیٹی کی میٹنگ نے دوٹوک

پاکستان نے 13 نئی کمپنیوں کو تیل ذخائر کی تلاش کے ٹھیکے دے دیئے

ترکش پیٹرولیم بھی تیل ذخائر کی تلاش پر کام کرنے جا رہی ہے، وفاقی وزیر علی پرویز ملک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے 13 نئی کمپنیوں کو پاکستان میں تیل ذخائر کی تلاش کے ٹھیکے دیئے گئے، قومی اسمبلی کا اجلاس سپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا

پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی اجلاس میں جھگڑا، ایم این ایز نے پارٹی قیادت کو کمپرومائزڈ قرار دیدیا

14 اگست کی حکمت عملی اور 5 اگست کے احتجاج فیصلے پر بھی سوالات، کئی رہنما پارلیمانی اجلاس چھوڑ کر چلے گئے

قومی اسمبلی اجلاس میں شرکت ضروری، سپیکر بار بار کہتا ہے آکر بیٹھ جائیں تو پھر کیوں نہیں بیٹھتے، کچھ اراکین کا شکوہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی پارلیمانی پارٹی اجلاس کے دوران اراکین کے درمیان تلخ بحث و تکرار دیکھنے میں آئی، پی ٹی آئی اراکین اسمبلی نے پارٹی قیادت پر کمپرومائز ہونے کا الزام عائد کر دیا، ذرائع کے مطابق کئی اراکین نے اسمبلی اجلاس سے بائیکاٹ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا اجلاس میں شرکت ضروری ہے، کچھ اراکین نے قیادت سے شکوہ کیا سپیکر بار بار کہتا ہے

سٹیل ملز کی 3200 ایکڑ زمین پر انڈسٹریل سٹیٹ قائم کرنے کی منظوری

ای سی سی نے پی ٹی وی کیلئے 2 ارب 82 کروڑ کی ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ بھی منظور کر لی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے کراچی سٹیل ملز کی 3200 ایکڑ زمین پر انڈسٹریل سٹیٹ قائم کرنے کی منظوری دیدی

بھارتی آبی جارحیت سے دریائے ستلج میں پانی کی سطح مسلسل بلند

ممکنہ سیلاب خطرے سے نمٹنے کیلئے حفاظتی اقدامات، ملحقہ آبادیوں کو الرٹ جاری کر دیا گیا

قصور (بیورو رپورٹ) بھارت کی جانب سے دریائے ستلج میں پانی چھوڑنے کے باعث سطح بلند ہونے لگی، ڈپٹی کمشنر کے مطابق گنڈا سنگھ والا کے مقام پر دریائے ستلج میں پانی کی سطح 16 فٹ بلند ہو گئی

مرکزی انجمن تاجران کے صوبائی صدر عبدالرحیم کاکڑ اور میر حسین مینگل سے مرکزی انجمن تاجران خاران کے صدر شیخ منیر احمد کی قیادت میں اراکین ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں مقامی گیس کے ذخائر تیزی سے کم ہونے کا انکشاف

ذخائر کے مقابلے میں ہر گزرتے سال کیساتھ قدرتی گیس کی طلب میں اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں مقامی گیس کے ذخائر تیزی سے کم ہونے کا انکشاف ہوا ہے، ذخائر کے مقابلے میں ہر گزرتے سال کے ساتھ قدرتی گیس کی طلب میں اضافہ ہو رہا ہے، پارلیمنٹ کو فراہم کردہ تفصیلات میں وزارت توانائی (پاور ڈویژن) نے بتایا 5 برسوں کے

زرعی آمدنی کو بھی ٹیکس نظام کا حصہ بنایا، شرح سود میں جلد کمی بجلی بھی سستی ہو گی، وزیر خزانہ

ملکی معیشت مستحکم، اقتصادی میدان میں پاکستان کی کامیابیوں کا اعتراف عالمی مالیاتی ادارے بھی کر رہے ہیں

قرضوں میں 41 فیصد کا بڑا اضافہ، ریاستی اداروں کی نجکاری کا عمل تیزی سے جاری رہے گا، سینیٹر اورنگزیب

ٹیکس نیٹ بڑھانے کے سوا کوئی راستہ نہیں، تنخواہ دار طبقے پر مزید بوجھ نہیں ڈال سکتے، راولپنڈی چیمبر سے خطاب

اسلام آباد، راولپنڈی (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے شرح سود میں مزید کمی اور بجلی سستی ہونے کا اشارہ دیدیا، راولپنڈی چیمبر آف کامرس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر اورنگزیب نے کہا اقتصادی میدان میں پاکستان کی کامیابیوں کا اعتراف عالمی مالیاتی ادارے بھی کر رہے ہیں

خیل داس کوہستانی کی چیئرمین سینیٹ سے اظہار تعزیت

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے شکریہ ادا کیا۔

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی سے وزیر مملکت برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، کھیل داس کوہستانی سمیت اہم سیاسی شخصیات نے اسلام آباد میں ان کی سرکاری رہائش گاہ پر چیئرمین سینیٹ کے چچازاد بھائی مرحوم سید تنویر الحسن گیلانی کے انتقال پر تعزیت

چہلم امام حسینؓ فول پروف سیکیورٹی کیلئے ملک بھر میں پاک فوج، سول آرمڈ فورسز تعینات

وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد چہلم کے موقع پر سیکیورٹی فرائض انجام دینے کیلئے احکامات جاری کر دیئے گئے

پاک فوج آئین کے آرٹیکل 245 اور سول آرمڈ فورسز کی تعیناتی انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 کے تحت کی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے چہلم امام حسین کے موقع پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کرتے ہوئے ملک بھر میں پاک فوج، سول آرمڈ فورسز کو تعینات کر دیا، چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتوں، اسلام آباد کی انتظامیہ نے سکیورٹی کیلئے درخواست دی تھی

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 14 اگست 2025ء

یوم آزادی مبارک: تجدید عہد کا لازوال دن اور اس کا حقیقی پیغام

آج ارض پاک کی آزادی کا دن ہے ویسے تو آزادی کا دن ویسے ہی یادگار اور افتخار سے لبریز ہوتا ہے مگر امسال معرکہ حق میں تاریخی فتح کی بدولت جشن آزادی کا لطف دوبالا ہوگیا ہے پاک فوج نے ازلی دشمن کے خلاف ایک تاریخی فتح حاصل کر کے یہ ثابت کیا کہ وہ کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے اس شاندار کامیابی پر پوری قوم کا سر فخر سے بلند ہے اور عالمی سطح پر پاکستان کا وقار اور عزت میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ فتح ہماری افواج کے غیر متزلزل جذبے، پیشہ ورانہ مہارت اور جدید صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے معرکہ حق میں تاریخی فتح نے آزادی کا لطف اور خوشیاں دوبالا کردی ہیں۔ جبھی تو بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے قوم اس وقت نہ صرف یوم آزادی کا جشن منا رہی ہے بلکہ معرکہ حق کی فتح کا جشن بھی پورے جوش و خروش سے منایا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں آزادی کی نعمت سے نوازا اور آزاد فضاؤں میں سانس لینے کا شرف بخشا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جشن بھارت کے لئے بھی ایک واضح پیغام ہے کہ زندہ قومیں اپنی آزادی کا جشن اور فتح کی خوشی کس انداز سے مناتی ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے پوری قوم کو جشن آزادی اور معرکہ حق کی فتح کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ تاریخی موقع پاکستان کے اتحاد، عزم اور حوصلے کی روشن علامت ہے۔ دیکھا جائے تو دنیا کی تمام اقوام کی تاریخ میں کچھ اہمیت کے حامل قومی ایام ہوا کرتے ہیں جنہیں تزک و احتشام سے منایا جاتا ہے ایسے ہی ایام میں آزادی کا دن بھی شامل ہے آزادی کے دن کو جوش و خروش اور تجدید عہد کے ساتھ منانا ہی اس دن کا اصل پیغام ہے 78 برس قبل آج ہی کے دن دنیا کے نقشے پر ایک آزاد اور خود مختار مملکت کا ظہور ہوا جس کے حصول کے لئے ہمارے اسلاف نے نہ صرف ایک طویل اور صبر آزما جدوجہد کی بلکہ لازوال قربانیاں دیں آج کا دن دراصل اسی عہد کی تجدید کا دن ہے کہ ہم اپنے اسلاف کی جدوجہد اور قومی ہیروز کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے دفاع وطن اور ملک کی ترقی اور استحکام کے لئے اپنی قومی قیادت کے شانہ بشانہ موجود رہیں گے یہ وطن لاکھوں انسانوں کی قربانیوں کا ثمر ہے اور ہمارا فرض عین ہے کہ ہم نہ صرف اپنے اسلاف کی جدوجہد اور قربانیوں سے باخبر رہیں بلکہ آنے والی نسلوں کو بھی آگاہ رکھیں۔ پاکستان کا قیام کوئی اتفاقی واقعہ نہیں تھا بلکہ یہ ایک طویل اور منظم جدوجہد کا نتیجہ تھا۔ برصغیر پاک و ہند میں ایک آزاد اسلامی ریاست کا تصور سب سے پہلے علامہ محمد اقبال نے پیش کیا اور قائداعظم محمد علی جناح نے اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے دن رات انتھک محنت کی۔ اس جدوجہد کی بنیاد دو قومی نظریہ پر تھی، جس کے تحت ہندو اور مسلمان دو الگ قومیں ہیں جن کے مذہبی، ثقافتی اور سماجی اصول مختلف ہیں۔ اس نظریے نے مسلمانوں کو یہ یقین دلایا کہ اگر انہیں ہندو اکثریت کے ساتھ رہنا پڑا تو ان کی شناخت اور انفرادیت خطرے میں پڑ جائے گی۔ لہٰذا، ایک الگ وطن کا حصول ان کے لیے ناگزیر ہوگیا یہ سب ہم نے جس قدر آسانی سے بیان کیا اس خواب کو عملی جامہ پہنانا انتہائی مشکل اور کٹھن تھا مگر ہمارے اسلاف نے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں اسے ممکن بنایا آزادی کا یہ قیمتی تحفہ ہمیں پلیٹ میں سجا کر نہیں ملا۔ اس کے حصول کے لیے ہزاروں خاندانوں نے بے مثال قربانیاں دیں۔ 1947 کی تقسیم کے وقت لاکھوں لوگوں کو اپنے گھر بار، جائیدادیں اور کاروبار چھوڑ کر ایک نامعلوم مستقبل کی طرف ہجرت کرنا پڑا۔ اس سفر میں بے شمار لوگ شہید ہوئے، مائیں، بہنیں اور بچے بچھڑ گئے، اور بے شمار خاندانوں نے اپنے پیاروں کو کھو دیا۔ یہ خون کی ندیاں اور آنسوؤں کی بارشیں صرف زمین کا ایک ٹکڑا حاصل کرنے کے لیے نہیں تھیں بلکہ ایک نظریے کی بقا اور آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کے لیے تھیں۔ جب ہم آج آزادی کی فضا میں سانس لیتے ہیں تو ہمیں ان شہداء اور غازیوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے جن کی قربانیوں کی بدولت ہمیں یہ آزاد وطن نصیب ہوا۔ قائداعظم نے ہمیں ایمان، اتحاد اور تنظیم جیسے سنہری اصول دیے۔ آج جب ہم ملک کو مختلف چیلنجز کا سامنا کرتے ہوئے دیکھتے ہیں، تو ان اصولوں پر عمل کرنا پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہوگیا ہے۔ ایمان ہمیں اپنی ذات پر اور اپنے مقصد پر بھروسہ کرنا سکھاتا ہے، اتحاد ہمیں متحد ہو کر مشکلات کا سامنا کرنے کی قوت دیتا ہے، اور تنظیم ہمیں ایک منظم قوم کی طرح اپنے اہداف حاصل کرنے کی رہنمائی کرتی ہے۔ بحیثیت پاکستانی، ہم سب کی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ یوم آزادی محض جھنڈے لہرانے اور ترانے گانے کا دن نہیں ہے۔ یہ ایک ایسا موقع ہے جب ہمیں بحیثیت قوم اپنے گزرے ہوئے کل پر غور کرنا چاہیے، آج کی صورتحال کا تجزیہ کرنا چاہیے اور آنے والے کل میں ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا عہد کرنا چاہیے۔ ہمیں اپنے تعلیمی، معاشی، سماجی اور سیاسی نظام میں بہتری لانے کے لیے شبانہ روز محنت کرنی ہوگی۔ ہر شعبے میں ایمانداری اور لگن سے کام کرنا ہوگا پاکستان کی ترقی کے لئے ہمیں اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کا فہم و ادراک کرنا ہوگا اور یقیناً آج کا دن ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع دیتا ہے کہ ہم پاکستان کے حوالے سے اپنے عزم اور عہد کی تجدید کریں ہمیں عہد کرنا چاہئے کہ اپنے وطن کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ یہ عہد کہ ہم اس ملک کے وفادار اور مخلص شہری بن کر اپنی ذمہ داریاں بطریق احسن نبھائیں گے یہ عہد بھی کرنا ہوگا کہ ہم اپنے ذاتی مفادات کو ملک کے وسیع تر مفادات پر قربان کریں گے۔ ایک خوشحال و ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر تبھی ممکن ہے جب ہم ایک قوم کی حیثیت سے متحد ہو کر آگے بڑھیں اور ایک دوسرے کا ساتھ دیں۔ یوم آزادی پاکستان ہماری تاریخ کا ایک اہم ترین دن ہے۔ یہ ہمیں ہمارے ماضی کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور مستقبل کے لیے ایک واضح سمت دیتا ہے۔ ہمیں اپنے بانیان کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے، متحد ہو کر، اور شبانہ روز محنت کر کے پاکستان کو ایک ایسا ملک بنانا ہے جو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی نئی بلندیوں کو چھوئے۔

اصل دہشت باتھ روموں کی

اظہار خیال



ایاز امیر

'ان کے دل بچوں اور عورتوں کے مسخ شدہ لاشے دیکھ کر بھی نہ پگھلے...'

جائزہ

زاہد حسین

78 سال بعد ... بس کریں، اب آگے بڑھنا ہے!

منظر نامہ



پیرزادہ سلمان علی

پاکستان میں کیسا نظام ہونا چاہیے؟

لعل و گوہر

روشن لعل

وطن عزیز میں اکثر یہ سوال اٹھایا جاتا ہے کہ قائداعظم کیسا پاکستان چاہتے تھے؟ اس سوال میں یہ استفسار کیا جاتا ہے کہ کیا آج کا پاکستان ویسا ہی ہے جیسا قائداعظم اسے بنانا چاہتے تھے۔ قائداعظم کیسا پاکستان چاہتے تھے، اس سوال کا جواب اکثر دانشور، اپنی پہلے سے تشکیل شدہ سوچ کو بنیاد بنا کر دیتے ہیں۔ قائداعظم کے ارشادات کی فہرست بہت طویل ہے، یہاں ہر دانشور ان کی

منفرد یوم آزادی

میڈیا آئی



عبدالباسط علوی

فیلڈ مارشل کا خطاب اور پراوین سوامی کی درفطنیاں

برملا

نصرت جاوید

امریکہ بھارت تعلقات، کچے رنگوں کی تصویر

گرداب

عارف بہار

Arifbahar@hotmail.com

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں یوم آزادی کے موقع پر تقریب

تقریب میں طالبات اور اساتذہ نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ شرکت

قومی ترانے پر تمام شرکاء کا احترام کے ساتھ کھڑے ہو کر وطن سے محبت کا اظہار

گوادر (ن ن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر ایک شاندار اور پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں طالبات اور اساتذہ نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔ قومی ترانہ بجائے جانے پر تمام شرکاء نے احترام کے ساتھ کھڑے ہو کر وطن سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر طالبات نے یوم آزادی کے موضوع پر ولولہ انگیز تقریریں پیش کیں، جبکہ مضمون نویسی کے مقابلے بھی منعقد ہوئے۔ ملی نغموں کی دلکش اور پرجوش پیشکش نے محفل کے رنگ اور بھی نکھار دیے اور ماحول کو حب الوطنی کے جذبات سے بھر دیا۔ پرنسپل نے اپنے خطاب میں معرکۂ حق اور جشن آزادی کی اہمیت پر روشنی ڈالی، اور طلبہ و طالبات کو وطن سے محبت، اتحاد اور خدمت وطن کے جذبے کو ہمیشہ زندہ رکھنے کی تلقین کی۔ تقریب کے اختتام پر مختلف مقابلوں اور پروگرامز میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات کو شیلڈز اور اعزازی سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا۔

دالبندین میں یوم آزادی کی مناسبت سے کار ریلی نکالی

دو سو فٹ لمبا قومی پرچم اٹھا کر پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے گئے

گاڑیوں پر قومی پرچم اور شرکاء پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا رہے تھے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین میں یوم آزادی کی مناسبت سے کار ریلی نکالی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی کونسل کے رکن اور ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین، میر اسفندیار خان یار محمد زئی کی قیادت میں دالبندین کے داود آباد میں واقع یار محمد زئی ہاؤس سے ایک بڑی کار ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء مشرقی بائی پاس سے گزر کر شہر کی مختلف شاہراہوں پر گشت کرتے رہے۔ گاڑیوں پر قومی پرچم لہرا رہے تھے اور شرکاء "پاکستان زندہ باد" کے نعرے لگا رہے تھے۔ ریلی ڈی سی کمپلیکس کے سامنے پہنچی، جہاں دو سو فٹ لمبا قومی پرچم اٹھا کر پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے گئے۔ ریلی میں سیاسی، سماجی اور قبائلی شخصیات کے علاوہ پاکستان پیپلز پارٹی، خان چنگل اور بی اے پی کے کارکنان وعہدیداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین میر اسفندیار خان یار محمد زئی نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ "آج دنیا دیکھ لے کہ بلوچستان کے لوگ اپنے ملک اور فوج سے محبت کرتے ہیں اور اپنی آزادی کو بڑے جوش و جذبے کے ساتھ منا رہے ہیں۔ ریلی میں سابقہ چیئرمین میر علی جان نوتیزئی، پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما میر شاہنواز ریسانی، آغا سید نبی شاہ و دیگر بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔

نال میں واٹر ٹینکی مافیا کی لوٹ مار، عوام کا استحصال عروج پر

نال (آن لائن) نال نال اور گرد و نواح میں واٹر ٹینکی مافیا نے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا ہے۔ پینے کے پانی جیسی بنیادی ضرورت کو منافع خوری کا ذریعہ بنا کر مافیا نے اپنی من مانی قیمتیں نافذ کر دی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ واٹر ٹینکی مالکان نے نہ صرف نرخوں میں بے تحاشہ اضافہ کر دیا ہے بلکہ کم مقدار کا پانی دے کر پوری قیمت وصول کی جا رہی ہے، گویا پیاسے عوام کو کھلے عام لوٹا جا رہا ہے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی مجرمانہ خاموشی اور لاپرواہی نے ان مافیا عناصر کو مزید حوصلہ دیا ہے۔ عوام سوال کر رہے ہیں کہ کیا حکومت صرف تماشائی بنی رہے گی یا اس لوٹ مار کو روکنے کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔

نال کا واحد ہسپتال ڈاکٹرز سے محروم، عوام علاج معالجے سے محروم

نال (آن لائن) نال کا واحد سرکاری ہسپتال طویل عرصے سے مستقل ڈاکٹرز سے محروم ہے، جس کے باعث علاقے کی عوام شدید مشکلات اور پریشانی کا شکار ہیں۔ مریضوں کو معمولی علاج اور ایمرجنسی صورت حال میں بھی درجنوں کلومیٹر دور خضدار یا دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ ذرائع کے مطابق، ہسپتال میں بنیادی سہولیات اور عملے کی شدید کمی ہے، جبکہ کئی بار محکمہ صحت کی جانب سے وعدوں کے باوجود ڈاکٹرز تعینات نہیں کیا گیا۔ ہسپتال میں صرف چند درجہ چہارم ملازمین اور نرسنگ اسٹاف موجود ہیں جو ایمرجنسی مریضوں کا مناسب علاج کرنے سے قاصر ہیں۔ علاقہ مکینوں نے محکمہ صحت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے فوری طور پر ڈاکٹرز تعینات کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے۔ سرکاری ہسپتال کا ڈاکٹرز سے محروم ہونا انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت ہے، جو انسانی جانوں سے کھیلنے کے مترادف ہے۔

قلعہ سیف اللہ، قومی جرگہ میں شبوزئی، کمالد یزئی، کریمزئی، حکیم زئی، مہمان زئی اور بابکرزئی کے قبائلی عمائدین شریک ہیں

جشن آزادی منانا ہر محب وطن پاکستانی کا طرح امتیاز ہے، ڈی سی چمن

آزادی ایک نعمت ہے اور ہمیں اس نعمت کا صحیح معنوں میں شکر ادا کرنا چاہیے

ضلع میں ہر قسم کے اسلحے کی نمائش اور فائرنگ قابل سزا جرم ہے، حبیب بنگلزئی

چمن (ن ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ضلع میں امن وامان جشن آزادی کے سیکیورٹی پلان کے حوالے سے ڈی آئی سی سی اجلاس کا انعقاد کیا گیا اجلاس میں تمام ضلعی انتظامیہ سیکیورٹی اداروں آئی ایس آئی، ایم آئی، آئی بی، ایف سی، پولیس ولیویز فورس اور انٹیلیجنس اداروں کے آفیسرز ونمائندے شریک تھے اجلاس میں ضلع میں امن وامان کی قیام کیلئے ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں 14 اگست جشن آزادی کی سیکیورٹی کے حوالے سے تفصیلی غور وخوص کے بعد جامع پلان ترتیب دیا گیا اور ضلع میں تاحکم ثانی ہر قسم کی اسلحے کی نمائش فائرنگ پر پابندی لگا دی گئی اور جشن آزادی کی مناسبت سے منعقد ہونے والی جگہوں پر سیکیورٹی اہلکاروں وآفیسرز کی تعیناتی ترتیب دے دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی چمن نے کہا کہ آج سے ضلع میں ہر قسم کی اسلحے کی نمائش اور فائرنگ ممنوع اور قابل سزا جرم ہے انہوں نے کہا جشن آزادی پر خوشی کا اظہار کرنا اور جشن آزادی کا دن منانا ہر محب وطن پاکستانی کا حق اور طرح امتیاز ہے اور بحیثیت ایک قوم اس سے بڑھ کر ہمارے لیے اس خوشی سے بڑھ کر اور کوئی بات اور موقع ہرگز نہیں ہو سکتی بحیثیت مسلمان اور ایک قوم ہونے کے ہمارے لیے اس سے بڑھ کر فخر کا اور کامیابی کا اور کوئی بات نہیں ہو سکتی کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک آزاد ملک پاکستان بنانے میں ہماری صدیوں کی پرانی آرزوؤں کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا

14 اگست کا دن ہماری قومی تاریخ کا سنہری باب ہے، فیصل جمالی

